مئی 2019 | M.Ed Regular (ایم۔ایڈ (ریگولر) | IV Semester چوتھا سمسٹر

Paper - MMED411DST : Specialization - III : Curriculum, Pedagogy and Assessment in Elementary Education

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) درسیاتی ترقی کے بنیادی ملاحظات (باتیں) (Considerations) ہیں۔

a) کثیف (Condensed) b) مخفی (Hidden) c) انضمامی (Integrated) d) یہ سبھی

(ii) تدریسی مراحل کا تجزیہ ہے۔

a) قبل از سرگرم (Pre-active) b) متعامل (Interactive) c) a اور b میں سے کوئی نہیں d) a اور b دونوں

(iii) ادراکی محاصل کے تعین قدر کا بنیادی آلہ ہے۔

a) معروضی آلہ b) تجزیاتی آلہ c) a اور b دونوں d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) مندرجہ ذیل میں سے کون تعین قدر کا طریقہ کار نہیں؟

a) تشکیلی b) تلخیصی c) معروضی d) یہ سبھی

(v) معیاری جانچ کی خصوصیات ہیں۔

a) معروضیت b) واجبیت c) اعتمادیت d) یہ سبھی

(vi) مشاہدہ (Observation) کس محاصل (Outcomes) کا بنیادی آلہ ہے؟

a) ادراکی b) غیر ادراکی c) دونوں d) ان میں سے کوئی نہیں

(vii) زبانی استدلال جانچ (Verbal Reasoning Test) ایک .... پیمائش آلہ ہے۔

a) ذہانت b) شخصیت c) اختراعیت d) ان میں سے کوئی نہیں

(viii) مندرجہ ذیل میں درسیات (Curriculum) کے تناظر (Perspective) نہیں ہے۔

a) کرداریت پسندانہ b) تدریسیات پسندانہ c) ادراکی پسندانہ d) تعمیریت پسندانہ

(ix) احتساب (Assessment) کے آلات ہیں۔

a) چیک لسٹ b) سوالنامہ c) تحصیلی جانچ d) یہ سبھی

(x) تشخیصی جانچ (Diagnostic Test) .... کیا جاتا ہے۔

a) ہدایت دینے سے پہلے b) دوران تدریس c) تدریس کے بعد d) b اور c دونوں

حصہ دوم

2۔ مواد پر مبنی درسیات سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجیے۔

3۔ ابتدائی سطح پر مواد مضمون اور اکتسابی سرگرمیوں کے انتخاب اور تنظیم کرنے کے لیے کن ضوابط کو دھیان میں رکھیں گے؟ بیان کیجیے۔

4۔ تدریسیات کے تنقیدی تجزیہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ابتدائی سطح پر اس کے اطلاق پر بحث کیجیے۔

5۔ متعلم کی مختلف مشغولیات میں ایک معلم کا کردار بیان کیجیے۔

6۔ مواد مضمون کا تدریسیاتی تجزیہ کس طرح کریں گے؟ مثال کے ذریعہ واضح کیجیے۔

7۔ غیر وقوفی نتائج (Non-cognitive Outcomes) کے تعین قدر (Evaluation) کے لیے بنیادی آلات کا مختصراً بیان کیجیے۔

8۔ ایک تحصیلی جانچ (Achievement Test) کو معیاری بنانے میں شامل اقدامات کی وضاحت کریں۔

9۔ موضوعی جانچ (Essay Test) کی خوبیوں اور خامیوں پر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10۔ درسیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مخفی (Hidden) کثیف (Condensed) اور انضمامی (Integrated) درسیات کو تفصیل سے بیان کریں۔

11۔ تدریسیات کے مفہوم و تصور کو بیان کرتے ہوئے جدید تدریسیات کے اصول کو تفصیل سے واضح کیجیے۔

12۔ ابتدائی سطح پر تدریس کے مختلف مراحل میں اساتذہ کا کردار واضح کیجیے۔

13۔ تدریسی اکتسابی عمل میں تعین قدر (Evaluation) کا کردار مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

14۔ معروضی جانچ (Objective Test) کی اہم خصوصیات، فوائد و نقصانات پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالیے۔

☆☆☆